سوال

(291) سعی کہاں سے شروع کریں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سعی کی کیا صورت ہے کہاں سے شروع کرے گا۔ اور کتنے چکر ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

سعی جبل صفا سے شروع کرے گا اور مروہ پر ختم کرے گا اس کے سات چکر ہیں۔ صفا سے ابتدا ہوگی اور مروہ پر اختتا ہوگا۔ سعی کے دوران ذکر الٰہی اور تسبیح اور دعا میں مشغول رہے اور صفا مروہ پر ہر بار قبلہ رخ ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ ذکر و دعا اور تکبیر کہے اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

حج بیت اللہ اور عمرہ کے متعلق چند اہم فتاوی صفحہ: 344

محدث فتویٰ